Tel : 041-8780274, 8780374
Fax : 041-8782375
E-mail : wafaqmsp@hotmail.com
wafaqmsp@yahoo.com

ہیڈ آفس: جامعہ سلفیہ فیصل آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
وفاق المدارس السلفیہ
نصابِ تعلیم اور نظامِ امتحانات

خط و کتابت کیلئے

دفتر وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان

پوسٹ آفس جامعہ سلفیہ فیصل آباد

فون نمبرز: 041-8780274, 8780374 فیکس: 041-8782375

ای میل: wafaqmsp@hotmail.com
wafaqmsp@yahoo.com

داخلہ فیس بذریعہ بنک ڈرافٹ بھیجنے کیلئے

A/C # 1613-00104473-03

حبیب بنک لمیٹڈ (حاجی آباد برانچ) فیصل آباد

سال اشاعت ـــــــــ جنوری 2011ء

قیمت ـــــــــ 50.00 روپے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی علم القرآن و خلق الانسان و علمہ البیان و الصلاۃ و السلام علی من فسر القرآن و ھذب الانسان و اتبعہ الثقلان و ملأ الارض بالعدل و الامان محمد صاحب خیر الادیان الذی ارتضاہ الرحمن المنان و علی من تبعھم بالاحسان الی لقاء ذی الفضل و الغفران -اما بعد

آج کے نونہال مستقبل میں قوم کے معمار ہوتے ہیں، اگر ان کی تعلیم وتربیت صحیح اور درست نہج پر کی جائے تو ایک روشن اور درخشاں مستقبل کی امید کی جاسکتی ہے۔ تعلیم وتربیت کا صحیح منہج وہی ہے جس سے معلم اخلاق ﷺ نے اپنے صحابہ رضی اللہ تعالی عنھم کی اور انہوں نے آنے والی نسل کی تربیت کی۔

الحمدللہ! وفاق المدارس السلفیة پاکستان کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ دیگر شعبہ ہائے حیات کی طرح تعلیم وتربیت کے میدان میں بھی جدید دور کے تقاضوں کیساتھ خیر القرون سلف صالحین کے منہج کا حامل ہے۔

بہترین نصاب تعلیم وہ ہوتا ہے جو اپنے دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو ، **وفاق المدارس السلفیة پاکستان** وقتاً فوقتاً ماہرین تعلیم ،علماء کرام اور دانشوروں کی آراء وتجاویز کی روشنی میں نصاب تعلیم میں تبدیلی عمل میں لاتا رہتا ہے ۔

وفاق المدارس السلفیة پاکستان نے نصاب میں تبدیلی کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے ماہرین تعلیم ،علماء کرام اور دانشور حضرات پر مشتمل نصاب کمیٹی کے متعدد اجلاس منعقد کئے ،نصاب کمیٹی کی معاونت کے لئے ایک سب کمیٹی تشکیل دی گئی جس نے کافی محنت کے بعد نصاب کا ایک خاکہ نصاب کمیٹی کے سامنے پیش کیا، نصاب کا مجوزہ خاکہ تمام مدارس وجامعات کو ارسال کر کے ان کی آراء وتجاویز طلب کی گئیں ،جن پر کافی غور و خوض کے بعد نصاب کمیٹی نے اپنے اجلاس منعقدہ 2 مارچ 2000ء میں سب کمیٹی کے مجوزہ نصاب میں اساتذہ اور علماء کرام کی آراء کی روشنی میں مناسب تبدیلی کر کے منظوری کیلئے وفاق کی کابینہ کے سامنے پیش کیا، جسے کابینہ نے منظور کر کے تعلیمی سال 1422-1421ھ سے نافذ کرنے کا سرکلر جاری کیا۔

اللہ تعالی ہم سب کو اخلاص کیساتھ علوم دینیہ کی تعلیم وترویج اور نئی نسل کی اصلاح وتربیت کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

وفاق المدارس السلفية پاکستان

کے

اغراض و مقاصد

☆ قرآن وسنت پر مبنی دینی علوم کی تدریس کے سلسلہ میں سہولتیں بہم پہنچانا۔

☆ ملحقہ مدارس وجامعات کیلئے جامع نصاب تعلیم مرتب کرنا اور اسے عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا۔

☆ دینی مدارس وجامعات کو باہم مربوط ومتحد کرنا اور ایک نظم کا پابند کرنا۔

☆ ملحقہ مدارس وجامعات کے تمام تعلیمی مراحل (ثانویہ عامہ ، ثانویہ خاصہ، عالیہ، عالمیہ اور حفظ و تجوید وقراءات) کے امتحانات کا انعقاد کرنا اور کامیاب طلبہ کو اسناد جاری کرنا۔

☆ ملحقہ مدارس وجامعات کے مفادات کا تحفظ کرنا۔

☆ اہم موضوعات پر علمی وتحقیقی مقالات اور کتب تیار کروانا اور ان کی طباعت کا اہتمام کرنا۔

☆ اساتذہ کے لئے تربیتی کورسز کا اہتمام کرنا اور طلبہ کی اصلاح وتربیت کے لئے اقدام کرنا۔

☆ ذہین اور محنتی طلبہ کی اعلیٰ تعلیم کیلئے ملکی اور غیر ملکی جامعات میں سکالرشپ کے حصول کیلئے کوشش کرنا۔

☆ دینی مدارس وجامعات کی تاسیس کے مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے مسلسل اور مؤثر اقدامات کرنا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

نصاب تعلیم

تعلیمی مراحل اور مدت تدریس

وفاق المدارس السلفية پاکستان کا نصاب دو شعبوں پر مشتمل ہے

1- **شعبہ علوم قرآن کریم**

2- **شعبہ علوم اسلامیہ**

شعبہ علوم قرآن کا نصاب چار مراحل پر مشتمل ہے

i-**قسم حفظ القرآن الكريم** ii- **قسم التجويد**

iii-**قسم القرء ات السبعة** iv-**قسم القراء ات الثلاثة**

شعبہ علوم اسلامیہ کا نصاب بھی چار مراحل پر مشتمل ہے

1- الثانوية العامة (مساوی میٹرک)

اس مرحلہ میں مدت تعلیم دو سال ہے۔

اس مرحلہ کے پہلے سال میں داخلہ کے لئے ضروری ہے کہ امیدوار مڈل یا اسکے مساوی سند کا حامل ہو۔

2- الثانوية الخاصه (مساوی ایف اے)

اس مرحلہ میں مدت تعلیم دو سال ہے۔

اس مرحلہ کے پہلے سال میں داخلہ کیلئے ضروری ہے کہ امیدوار وفاق المدارس السلفية کی شہادة الثانوية العامة کا حامل ہو۔

3-الدراسة العالية (مساوی بی اے)

اس مرحلہ میں مدت تعلیم دو سال ہے۔

اس مرحلہ کے پہلے سال میں داخلہ کے لئے ضروری ہے کہ امیدوار وفاق المدارس السلفية کی شہادة الثانوية الخاصة کا حامل ہو۔

4- العالمية (مساوی ایم اے)

اس مرحلہ میں مدت تعلیم دو سال ہے۔

اس مرحلہ کے پہلے سال میں داخلہ کیلئے ضروری ہے کہ امیدوار وفاق المدارس السلفية کی الشهادة العالية کا حامل ہو۔

نظام الامتحان

1- سال میں دو امتحان ہوں گے۔

2- ہر مرحلہ تعلیم کے پہلے سال کا امتحان متعلقہ مدرسہ/ جامعہ لے گا اور دوسرے سال کا امتحان وفاق المدارس السلفیۃ پاکستان کے زیر اشراف ہوگا۔

3- کامیابی کے لئے 40 فیصد نمبر حاصل کرنا ضروری ہوں گے۔

4- ہر مضمون میں کامیاب ہونا ضروری ہے۔

5- اگر کوئی امیدوار ایک ہی مرحلہ میں مسلسل تین مرتبہ ناکام ہوتا رہا تو اسے تمام مضامین کا امتحان دینا ہوگا۔

6- (گریڈز) اس طرح ہوں گے۔

7- **قسم تحفیظ القرآن الکریم ، قسم التجوید ، قسم القراء ات السبعة اور قسم القراء ات الثلاثة۔**

ممتاز 90 فیصد اور اس سے زائد

جید جدا 80 تا 89.99 فیصد

جید 70 تا 79.99 فیصد

مقبول 50 تا 69.99 فیصد

8- **قسم علوم اسلامیہ**

ممتاز 60 فیصد اور اس سے زائد

جید 50.00 تا 59.99 فیصد

مقبول 40.00 تا 49.99 فیصد

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وفاق المدارس السلفیة پاکستان سے الحاق کی شروط

☆ ہر وہ مدرسہ جو سلف صالحین کے منہج پر قائم ہو وفاق المدارس السلفیۃ پاکستان سے الحاق کر سکتا ہے۔

☆ وفاق سے ملحقہ ہر مدرسہ/ جامعہ **وفاق المدارس السلفیۃ پاکستان** کے قواعد وضوابط اور جاری کردہ ہدایات کا پابند ہوگا۔

☆ کسی مدرسہ/ جامعہ کا وفاق سے الحاق شعبہ علوم اسلامیہ یا شعبہ تحفیظ وتجوید یا دونوں شعبوں کیلئے ہوگا۔

☆ شعبہ علوم اسلامیہ کے لئے الحاق چار تعلیمی مراحل (ثانویہ عامہ، ثانویہ خاصہ، عالیہ، عالمیہ) میں سے پہلے مرحلہ یا بالترتیب تمام مراحل کے لئے ہوگا۔

☆ الحاق کی منظوری اور تعلیمی مراحل کا تعین معائنہ کمیٹی کی رپورٹ پر ہوگا۔

☆ وفاق کے قواعد وضوابط اور ہدایات کی خلاف ورزی کرنے پر کسی بھی مدرسہ/ جامعہ کا وفاق سے الحاق ختم کیا جا سکتا ہے۔

☆ وفاق سے ملحقہ تمام مدارس/ جامعات طلبہ کے داخل و خارج، ان کی حاضری، اساتذہ کرام کی حاضری، طلبہ اور اساتذہ کا مکمل ریکارڈ، امتحانات سے متعلقہ امور، مالیاتی معاملات اور دفتر کا باقاعدہ ریکارڈ رکھیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مدارس و جامعات میں طلبہ کے داخلہ کا طریق کار

☆ وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان سے ملحقہ تمام مدارس و جامعات میں داخلہ ماہ شوال میں ہوگا۔

☆ وہ مدارس وجامعات مستثنیٰ ہوں گے جو ایسے علاقہ میں واقع ہیں جہاں تعطیلات موسم سرما میں ہوتی ہیں۔

☆ داخلہ کے امیدواران سے داخلہ فارم پُر کروایا جائے گا اور اسے محفوظ رکھا جائے گا۔

☆ داخلہ فارم ہر مدرسہ/ جامعہ خود تیار کرے گا جس پر مقامی حالات کے مطابق قواعد وضوابط اور شروط تحریر ہوں گی نیز طالب علم کو بغیر سرپرست/ ضامن کے داخلہ نہ دیا جائے گا۔

☆ تعلیمی سال کے آغاز میں اگر کوئی طالب علم ایک مدرسہ سے دوسرے مدرسہ میں منتقل ہونا چاہے تو اسے اجازت ہوگی لیکن دوسرے مدرسہ میں اگلی جماعت میں داخلہ اسی صورت میں ہوگا جب طالب علم پہلے مدرسہ کی جانب سے جاری کردہ کامیابی کا سرٹیفکیٹ پیش کرے گا۔

☆ تعلیمی سال کے دوران ایک مدرسہ سے دوسرے مدرسہ میں منتقل ہونے کے لئے پہلے مدرسہ سے اجازت نامہ حاصل کرنا ضروری ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تدریس

☆ تمام مدارس/ جامعات میں ذریعہ تدریس عربی یا اردو زبان ہوگی۔

☆ اساتذہ کرام جدید طریقہ تدریس کو ملحوظ خاطر رکھیں گے۔

☆ محض کتاب کے ترجمہ پر اکتفانہ کیا جائے بلکہ تدریس کے دوران طلبہ میں فہم وفقاہت پیدا کرنے کی کوشش کی جائے اوران کی تربیت کے ہر پہلو پر خصوصی توجہ دی جائے۔

☆ طلبہ کو ترغیب دی جائے کہ وہ خود نوٹس تیار کریں۔خلاصوں اور دوسروں کے تیار کردہ نوٹس پر اعتماد نہ کریں۔

☆ طلبہ کی تحریری صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے۔

☆ تدریس کے لئے اساتذہ کرام بورڈ استعمال کریں اور طلبہ کے خط کی اصلاح کے لئے خاص طور پر توجہ دی جائے

☆ تدریس کا دورانیہ کم از کم چھ گھنٹے ہو۔

☆ طلبہ کے مطالعہ اور مذاکرہ کا خصوصی اہتمام کیا جائے۔

☆ قرآن وحدیث کی اہم نصوص اور مسنون دعائیں حفظ کروائی جائیں۔

☆ طلبہ کی ادبی، علمی اور ثقافتی نشوونما کے لئے مطالعاتی دوروں اور دیگر پروگرامز کا اہتمام کیا جائے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

هدایات برائے طریقہ تدریس نصاب الثانویة العامه

1۔ضروری کلمات کی لغوی تشریح بورڈپر لکھی جائے۔

ترجمہ قرآن اور حدیث شریف دونوں مضامین کی تدریس میں اساتذہ ہر سبق کے آغاز میں اس کے اہم عربی الفاظ کی تشریح (اسم مفرد کا معنی اور جمع، اگر سبق میں جمع آیا ہے تو اس کا معنی اور مفرد اور اگر کوئی فعل استعمال ہوا ہے تو اسکا فعل ماضی، مضارع اور مصدر مع اردو معنی) بورڈ پر لکھیں گے، اور طلبہ اسے اپنی کاپیوں پر نقل کریں گے۔ اس مشق کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ طلبہ کو ابتداء ہی میں عربی لغت کی بنیادی معلومات (مفرد، جمع، افعال کی مختلف شکلیں اور استعمالات وغیرہ) سکھائی جائیں اور انہیں ان کے ذہنوں میں راسخ کر دیا جائے۔

مفردات کی شرح، سلیس ترجمہ اور مختصر تشریح (جس سے مفہوم واضح ہو جائے) کا اہتمام کیا جائے احادیث کی تشکیل (اعراب) کا بھی خاص اہتمام ہو امتحان میں بھی حدیث پر اعراب لگانے کا کم از کم ایک سوال ضرور ہو۔

مشاہدات سے ثابت ہوتا ہے کہ ایسی معلومات کو تحریری شکل میں لانے سے جہاں ایک طرف زیر تعلیم طلبہ قرآنی لغت کے بنیادی ذخیرہ سے آگاہ ہوتے ہیں وہاں دوسری طرف انہیں قرآن کریم اور حدیث شریف کی عبارتوں کے فہم میں گہری واقفیت اور پختگی حاصل ہوتی ہے اور وہ عربی زبان کے فہم و ادراک اور استعمال میں نہایت اعلیٰ صلاحیت حاصل کر لیتے ہیں۔

نبی کریم ﷺ کی سیرت مبارکہ کی تدریس کے دوران آپ ﷺ کی سیرت کے عملی پہلو اجاگر کر کے طلبہ/ طالبات کی تربیت کی جائے۔ اور اس مرحلہ میں تفصیل کے بجائے اختصار سے کام لیتے ہوئے واقعات طلبہ/ طالبات کے ذہن میں نقش کیئے جائیں۔

2۔مشقیں زبانی اور تحریری دونوں طرح حل کرائی جائیں۔

نحو وصرف اور اللغة العربية کی مشقیں زبانی اور تحریری دونوں طرح حل کروائی جائیں۔

3۔صیغے بتانے کی عملی مشق کرائی جائے۔

علم صرف کا مناسب حصہ پڑھ لینے کے بعد اساتذہ کرام دوسرے اسباق مثلاً ترجمہ قرآن، حدیث

شریف اور عربی زبان میں بھی طلبہ کو مختلف افعال اور اسماء کے صیغے، واحد، جمع بتانے کی گاہے بگاہے عملی مشق کراتے رہیں۔

4.ترکیب نحوی کی عملی مشق کرائی جائے۔

سال اول کی درسی کتاب **تمرین النحو** اور سال دوم کیلئے مقررہ دو درسی کتب ''**ابتدائی قواعد النحو**'' اور آسان عربی حصہ دوم میں آسان عربی جملوں کی ترکیب نحوی کے نمونے دیے گئے ہیں۔ معلمین کو چاہیئے کہ وہ ان کتابوں کی مشقوں کے علاوہ بھی اس سطح کے اپنے اپنے اسباق میں آسان جملوں کی ترکیب نحوی کرانے کی وقتاً فوقتاً مشق کراتے رہا کریں۔

5.عربی زبان میں گفتگو کو رواج دیا جائے۔

اس درجے کے نصاب کا زیادہ تر حصہ عربی زبان کی تعلیم کیلئے وقف ہے۔ اسکا ایک اہم تقاضا یہ بھی ہے کہ اساتذہ اور طلبہ عربی زبان کو اپنی روزمرہ کی گفتگو میں استعمال کرنے کی صلاحیت اور قدرت حاصل کر سکیں۔ اس کیلئے صرف کتابی مشق کافی نہیں ہوتی بلکہ یہ بھی ضروری ہے کہ طلبہ اور اساتذہ کمرہ جماعت اور درسگاہ کے عام ماحول میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ عربی میں گفتگو کریں اور اسے اپنا معمول بنائیں۔ ادارہ کی انتظامیہ کو چاہیئے کہ وہ اس پر عمل کرنیوالے اساتذہ اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کرنے کی تدابیر اختیار کرتے ہوئے عربی زبان کے فروغ کو تقویت دے۔

6.اہم کتابوں کے مؤلفین کا تعارف املاء کرایا جائے۔

معلم طلبہ کو کتاب شروع کرتے وقت کتاب اور اس کے مؤلف کا تعارف مناسب الفاظ میں لکھوائیں مثلاً حدیث کے سبق میں طلبہ کو سلیس اردو زبان میں حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالی کا تعارف، خدمات، اور **بلوغ المرام** کا پورا نام، معنی اور اس کی خصوصیات و مقام کے بارے میں مضمون املاء کرائے۔ اسی طرح **تقویۃ الایمان** کے سبق میں مولانا شاہ محمد اسماعیل رحمہ اللہ تعالی کا مفصل تعارف بھی لکھایا جائے۔

علمی پختگی کے لئے مکمل نصاب کی تدریس کا اہتمام کیا جائے، امتحان میں دی گئی تخفیف سے غلط فائدہ نہ اٹھایا جائے اس سے طالب علم کی علمی بنیاد کمزور رہے گی۔

تفصیل نصاب

الثانویة العامة فی العلوم العربیة والاسلامیة

السنة الاولی

(لازمی مضامین)

	مضمون	مقررہ کتب		نمبر
1	تحفیظ القرآن الکریم مع التجوید	پارہ عم یتسآء لون (نصف آخر) تحبیر التجوید از قاری محمد ادریس عاصم (آغاز سے مبحث ادغام تک)		100
2	ترجمة القرآن الکریم	سورة الفاتحة ، سورة یونس اور سورة هود		100
3	حدیث شریف	نخبة الاحادیث از مولانا سید محمد داؤد غزنوی رحمہ اللہ تعالی		100
4	سیرت نبویؐ	مہر نبوت از قاضی سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ تعالی		100
5	اللغة العربیة	اقرأ حصہ اول اور دوم از مولانا محمد بشیر سیالکوٹی		100
8	الصرف	۱۔تمرین الصرف از مولانا معین الدین ندوی رحمہ اللہ ۲۔ابواب الصرف (نصف اول) از حافظ محمد لکھوی رحمہ اللہ	50 50	100
7	النحو	تمرین النحو از مولانا محمد مصطفیٰ ندوی		100
8	الترجمة والانشاء	آسان عربی حصہ اول از مولانا محمد بشیر سیالکوٹی		100

	اختیاری مضامین	مقررہ کتابیں		نمبر
1	کمپیوٹر کورس	کلاس نہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
2	انگلش	کلاس نہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
3	جنرل ریاضی	کلاس نہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
4	جنرل سائنس	کلاس نہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100

الثانوية العامة فی العلوم العربية والاسلامية

السنة الثانية

(لازمی مضامین)

	مضمون	مقررہ کتب		نمبر
1	تحفیظ القرآن الکریم مع التجوید	پارہ عم یتسآء لون (نصف اول) تحبیر التجوید (بحث ادغام سے لیکر آخر تک) از قاری محمد ادریس عاصم		100
2	ترجمة القرآن الکریم	سورۃ یوسف سے سورۃ الکھف کے آخر تک		100
3	حدیث شریف مع اصول حدیث	ا۔بلوغ المرام (آغاز سے کتاب الحج کے آخر تک) ۲۔رسالہ اصول حدیث از مولانا محمد اویس بلگرامی ندوی رحمہ اللہ	75 25	100
4	العقائد	تقویۃ الایمان از مولانا شاہ اسماعیل شہید رحمہ اللہ تعالی		100
5	سیرت نبویؐ	رحمت عالم از مولانا سید سلیمان ندوی رحمہ اللہ تعالی		100
6	اللغة العربية	اقراء حصہ ثالث از مولانا محمد بشیر سیالکوٹی		100
7	الصرف	ا۔ابواب الصرف (نصف آخر) از مولانا حافظ محمد لکھوی رحمہ اللہ ۲۔ابتدائی قواعد الصرف (طبع مکتبۃ دارالسلام)	50 50	100
8	النحو	ابتدائی قواعد النحو (طبع مکتبۃ دارالسلام) شرح مائة عامل (العوامل المائة)		100
9	الترجمة والانشاء	آسان عربی حصہ دوم از محمد بشیر سیالکوٹی		100

	اختیاری مضامین	مقررہ کتابیں		نمبر
1	مطالعہ پاکستان	کلاس دہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
2	جنرل سائنس	کلاس دہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
3	جنرل ریاضی	کلاس دہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
4	انگلش	کلاس دہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
5	کمپیوٹر کورس	کلاس دہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100

الثانویہ العامۃ کا امتحان مندرجہ ذیل پرچہ جات پر مشتمل ہوگا۔

لازمی مضامین (برائے طالبات)

	مضمون	مقررہ کتابیں		نمبر
1	تحفیظ القرآن الکریم مع تجویدہ	پارہ عم یتساء لون (مکمل) تحبیر التجوید از قاری محمد ادریس عاصم، مع عملی مشق		100
2	ترجمۃ القرآن الکریم	سورۃ یونس سے سورۃ الکھف کے آخر تک		100
3	حدیث شریف اصول حدیث	۱۔بلوغ المرام (آغاز سے کتاب الحج کے آخر تک) ۲۔رسالہ اصول حدیث از مولانا محمد اویس بلگرامی ندوی رحمہ اللہ	76 24	100
4	سیرت نبویؐ	رحمت عالم از مولانا سید سلیمان ندوی		100
5	العقائد	تقویۃ الایمان از مولانا شاہ اسماعیل شہید دہلوی		100
6	الصرف والنحو	۱۔ابتدائی قواعد النحو (طبع مکتبۃ دارالسلام لاھور) ۲۔ابتدائی قواعد الصرف(طبع مکتبۃ دارالسلام لاھور)	50 50	100
7	اللغۃ العربیۃ والانشاء	اقراء۔ حصہ دوم اور سوم۔از مولانا محمد بشیر سیالکوٹی		100

	اختیاری مضامین	مقررہ کتابیں		نمبر
1	مطالعہ پاکستان	کلاس نہم و دہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
2	انگلش	کلاس نہم و دہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
3	جنرل ریاضی	کلاس نہم و دہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
4	جنرل سائنس	کلاس نہم و دہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
5	کمپیوٹر کورس	کلاس نہم و دہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100

الثانویہ العامۃ کا امتحان مندرجہ ذیل پرچہ جات پر مشتمل ہوگا

لازمی مضامین (برائے طلبہ)

	مضمون	مقررہ کتابیں		نمبر
1	تحفیظ القرآن الکریم مع تجویدہ	پارہ عم یتسآء لون (مکمل) تحبیر التجوید از قاری محمد ادریس عاصم، مع عملی مشق		100
2	ترجمۃ القرآن الکریم	سورۃ یونس سے سورۃ الکہف کے آخر تک		100
3	حدیث شریف اصول حدیث	۱۔بلوغ المرام (آغاز سے کتاب الحج کے آخر تک) ۲۔ رسالہ اصول حدیث از مولانا محمد اویس بلگرامی ندوی رحمہ اللہ	76 24	100
4	سیرت نبویؐ	رحمت عالم از مولانا سید سلیمان ندوی رحمہ اللہ تعالی		100
5	العقائد	تقویۃ الایمان از مولانا شاہ اسماعیل شہید دہلوی رحمہ اللہ تعالی		100
6	الصرف والنحو	۱۔ابتدائی قواعد النحو (طبع مکتبۃ دار السلام لاہور) ۲۔ابتدائی قواعد الصرف (طبع مکتبۃ دار السلام لاہور)	50 50	100
7	اللغۃ العربیۃ والانشاء	۱۔اقراء۔حصہ دوم اور سوم۔از مولانا محمد بشیر سیالکوٹی ۲۔آسان عربی۔حصہ دوم۔ از مولانا محمد بشیر سیالکوٹی	50 50	100

	اختیاری مضامین	مقررہ کتابیں		نمبر
1	مطالعہ پاکستان	کلاس نہم و دہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
2	جنرل سائنس	کلاس نہم و دہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
3	جنرل ریاضی	کلاس نہم و دہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
4	انگلش	کلاس نہم و دہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
5	کمپیوٹر کورس	کلاس نہم و دہم (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100

هدایات برائے طریقہ تدریس نصاب الثانویۃ الخاصۃ

1۔کلمات کی لغوی تشریح لکھوانے کا عمل جاری رکھا جائے۔

ترجمہ قرآن اور حدیث شریف دونوں مضامین کی تدریس میں اساتذہ ہر سبق کے آغاز میں اس کے اہم عربی الفاظ کی تشریح (اسم مفرد کا معنی اور جمع، اگر سبق میں جمع آیا ہے تو اس کا معنی اور مفرد اگر کوئی فعل استعمال ہوا ہے تو اسکا فعل ماضی، مضارع اور مصدر مع اردو معنی) بورڈ پر لکھیں گے، اور طلبہ اسے اپنی کاپیوں پر نقل کریں گے۔اس مشق کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ طلبہ کو ابتداء ہی میں عربی لغت کی بنیادی معلومات (مفرد، جمع، افعال کی مختلف شکلیں اور استعمالات وغیرہ) سکھائی جائیں اور انہیں ان کے ذہنوں میں راسخ کر دیا جائے۔

سنن نسائی اور **مشکوۃ المصابیح** بالاستیعاب پڑھائی جائیں لیکن سنن نسائی کی تدریس میں **کتاب الطھارۃ، کتاب الصلاۃ، کتاب الحج، کتاب الوثائق** اور **کتاب المزارعۃ** کی تدریس پر خصوصی توجہ دی جائے اور طلبہ/ طالبات کو نوٹس لکھوائے جائیں فقہ الحدیث کی طرف توجہ دی جائے مسائل میں فقہاء کا اختلاف اور دلائل بتا کر دلیل کے ساتھ راجح قول کی نشاندہی کی جائے۔

تعلیمی سال کے آغاز میں **امام نسائی، امام ابو محمد حسین بن مسعود البغوی** اور **امام ابو عبد اللہ محمد بن عبداللہ خطیب التبریزی** کی سیرت، کتاب میں ان کا منہج، شروط، اسلوب، خصوصیات اور کتاب کا مقام و مرتبہ واضح کیا جائے۔

مفردات کی شرح، سلیس ترجمہ اور مختصر تشریح (جس سے مفہوم واضح ہو جائے) کا اہتمام کیا جائے احادیث کی تشکیل (اعراب) کا بھی خاص اہتمام ہو امتحان میں بھی حدیث پر اعراب لگانے کے سوالات ضرور ہوں۔

عقائد کے مضمون میں قرآن حکیم اور احادیث کی نصوص یاد کروائی جائیں۔

2۔مشقیں زبانی اور تحریری دونوں طرح حل کرائی جائیں۔

اقراء جزء رابع، **دروس اللغۃ العربیۃ** حصہ اول اور دوم اور **قواعد النحو** میں دی گئی مشقوں کو معلم دو دفعہ حل کرائے، اولاً سبق کے اختتام پر طلبہ انہیں معلم کی نگرانی میں حل کریں اور پھر انہیں اپنی کاپیوں میں تحریر کر کے لائیں اور معلم ان کی سماعت کر کے ان میں اگر کوئی اغلاط ہوں تو صرفی یا نحوی قواعد اور عربی محاوروں

کے مطابق انہیں درست کرنے کی راہنمائی کرے۔ البتہ زیادہ آسان مشقوں کو صرف زبانی حل کرانے پر اکتفا کیا جاسکتا ہے۔

3۔صیغے بتانے کی عملی مشق جاری رکھی جائے۔

قواعد الصرف کا مناسب حصہ پڑھ لینے کے بعد اساتذہ کرام دوسرے اسباق مثلاً ترجمہ قرآن، حدیث شریف اور عربی زبان میں بھی طلبہ کو مختلف افعال اور اسماء کے صیغے بتانے کی گاہے بگاہے عملی مشق کراتے رہیں۔

4۔ترکیب نحوی کی عملی مشق کرائی جائے۔

سال اول اور سال دوم میں علم نحو کی تعلیم کیلئے مقرر کردہ کتاب **التحفة السنية** کی تدریس میں معلم کو چاہیئے کہ وہ ہر تمرین کے بعد ترکیب نحوی کی ایک مشق ضرور حل کرائے۔ اس مقصد کیلئے کتاب میں دی گئی مشقوں کو بطور نمونہ سامنے رکھا جائے۔ نیز دوسرے اسباق کے اساتذہ بھی گاہے بگاہے ترکیب نحوی کی عملی مشق کراتے رہیں۔

5۔عربی زبان میں گفتگو کو رواج دیا جائے۔

اس درجہ کے نصاب کا زیادہ تر حصہ عربی زبان کی تعلیم کیلئے وقف ہے۔ اسکا ایک اہم تقاضا یہ بھی ہے کہ طلبہ عربی زبان کو اپنی روزمرہ کی گفتگو میں استعمال کرنے کی صلاحیت اور قدرت حاصل کرسکیں۔ اس کیلئے صرف کتابی مشق کافی نہیں ہوتی بلکہ یہ بھی ضروری ہے کہ طلبہ اور اساتذہ کمرہ جماعت اور درسگاہ کے عام ماحول میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ عربی میں گفتگو کریں اور اسے اپنا معمول بنائیں۔ ادارے کی انتظامیہ کو چاہیئے کہ وہ اس پر عمل کرنے والے اساتذہ اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کرنے کی تدابیر اختیار کرتے ہوئے عربی زبان کے فروغ کو تقویت دے۔

6۔اہم کتب کے مؤلفین کا تعارف املاء کرایا جائے۔

مشکوٰۃ المصابیح، سنن النسائی اور **کتاب التوحید** وغیرہ کے معلمین کو چاہیئے کہ وہ طلبہ کو ان میں سے ہر کتاب کے مصنف کے تعارف، خدمات اور کتاب کی خصوصیات اور مرتبہ پر مشتمل مضمون اردو یا عربی میں املاء کروائیں نیز **المصابیح** اور **مشکوٰۃ المصابیح** کے درمیان فرق کو واضح کیا جائے۔

علمی پختگی کے لئے مکمل نصاب کی تدریس کا اہتمام کیا جائے، امتحان میں دی گئی تخفیف سے غلط فائدہ نہ اٹھایا جائے۔ اس سے طالب علم کی علمی بنیاد کمزور رہے گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تفصیل نصاب

الثانوية الخاصه فی العلوم العربية والاسلامية

السنة الاولیٰ

لازمی مضامین

	مضمون	مقررہ کتابیں		نمبر
1	ترجمة القرآن الكريم	سورة مریم سے سورة ص کے آخر تک		100
2	الحديث الشريف	۱۔مشكوة المصابيح (الجزء الاول)	76	100
	مصطلح الحديث	۲۔اصطلاحات المحدثين للشيخ سلطان محمود رحمہ اللہ	24	
3	الفقه الاسلامی	فقه السنة للسيد السابق (كتاب الطهارة)		100
4	العقائد	كتاب التوحيد للشيخ محمد بن عبدالوهاب رحمہ اللہ		100
5	اللغة العربية	اقرأ۔ الجزء الرابع۔ لمحمد بشير السيالكوتی	50	100
		دروس اللغة العربية۔الجزء الاول ۔ للدكتور ف عبدالرحيم	50	
6	الصرف والنحو	۱۔ قواعد النحو حصه اول (طبع مكتبة دارالسلام)	100	100
		۲۔قواعد الصرف حصه اول (طبع مكتبة دار السلام)	100	100
7	التاريخ الاسلامی	تاريخ اسلام للشيخ شاه معين الدين (خلافت راشده)		100
8	المنطق	رسالة المنطق للشيخ غازی پوری یا كتاب تيسير المنطق		100

	اختیاری مضامین	مقررہ کتب		نمبر
1	معاشیات	ایف اے کے سال اول کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
2	انگلش	ایف اے کے سال اول کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
3	شہریت	ایف اے کے سال اول کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
4	مطالعہ پاکستان	ایف اے کے سال اول کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
5	کمپیوٹر سائنس	ایف اے کے سال اول کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100

الثانوية الخاصه فى العلوم العربية والاسلامية

السنة الثانية

لازمی مضامین

	نام مضمون	مقررہ نصاب / کتابیں		نمبر
1	ترجمة القرآن الكريم	سورۃ الزمر سے قرآن کریم کے آخر تک		100
2	الحديث الشريف	ا۔سنن الامام احمد بن شعیب النسائی (مکمل)	100	100
		۲۔مشکاۃ المصابیح (الجزء الثانی)	100	100
3	الـفقه الاسلامی واصوله	ا۔فقه السنة لسید السابق رحمه الله (کتاب الصلاۃ)	100	100
		۲۔اصول فقه للشیخ عاصم الحداد	50	50
4	العقائد	شرح العقیدۃ الواسطیة للشیخ محمد خلیل هراس رحمه الله		100
5	النحو و الصرف	ا۔ قواعد النحو حصه دوم – طبع مکتبة دارالسلام لاهور	50	100
		۲۔قواعد الصرف حصه دوم طبع مکتبة دارالسلام لاهور	50	
6	اللغة العربية	دروس اللغة العربية ۔الجزء الثانی۔للدکتور ف۔عبدالرحیم	100	100
		کتاب (مختارات لابی الحسن علی الندوی) برائے طالبات	100	100
		کتاب المقامات للحریری (پہلے پانچ مقامات) برائے طلبہ		
7	المنطق	مرقاۃ للشیخ فضل امام خیر آبادی رحمه الله		100

	اختیاری مضامین	مقررہ کتب		نمبر
1	معاشیات	ایف اے کے سال دوم کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
2	انگلش	ایف اے کے سال دوم کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
3	شهریت	ایف اے کے سال دوم کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
4	مطالعه پاکستان	ایف اے کے سال دوم کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
5	کمپیوٹر	ایف اے کے سال دوم کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100

الثانویۃ الخاصہ کا امتحان مندرجہ ذیل پرچہ جات پر مشتمل ہوگا۔

لازمی مضامین (برائے طالبات)

	مضمون	مقررہ کتابیں		نمبر
1	ترجمۃ القرآن الکریم	سورۃ مریم سے سورۃ الناس کے آخر تک		100
2	الحدیث الشریف	۱۔ سنن النسائی سے (کتاب الطہارۃ)	15	100
		۲۔ مشکوٰۃ المصابیح (جزء ثانی)	65	
	مصطلح الحدیث	۳۔ اصطلاحات المحدثین ازمولانا سلطان محمود رحمہ اللہ	20	
3	الفقہ الاسلامی واصولہ	۱۔ فقہ السنۃ لسید سابق رحمہ اللہ (کتاب الصلاۃ)	76	100
		۲۔ اصول فقہ ازمولانا عاصم الحداد (پہلے تین ابواب)	24	
4	العقائد	شرح العقیدۃ الواسطیۃ للشیخ محمد خلیل ہراس رحمہ اللہ		100
5	اللغۃ العربیۃ	۱۔ دروس اللغۃ العربیۃ (الجز الثانی) للدکتور ف۔عبدالرحیم	50	100
		۲۔ کتاب (مختارات لابی الحسن علی الندوی) سے منتخب نصوص	50	
6	النحو والصرف	۱۔ قواعد النحو حصہ اول ودوم (طبع مکتبۃ دارالسلام)	50	100
		۲۔ قواعد الصرف حصہ اول ودوم (طبع مکتبۃ دارالسلام)	50	
7	التاریخ الاسلامی	تاریخ اسلام (خلافت راشدہ) ازمولانا شاہ معین الدین		100

	اختیاری مضامین	مقررہ کتب		نمبر
1	معاشیات	ایف اے کے سال اول اور دوم کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
2	انگلش	ایف اے کے سال اول اور دوم کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
3	شہریت	ایف اے کے سال اول اور دوم کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
4	مطالعہ پاکستان	ایف اے کے سال اول اور دوم کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
5	کمپیوٹر سائنس	ایف اے کے سال اول اور دوم کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100

الثانوية الخاصه کا امتحان مندرجه ذیل پرچه جات پر مشتمل هوگا۔

لازمی مضامین (برائے طلبہ)

	مضمون	مقررہ کتابیں		نمبر
1	ترجمة القرآن الكريم	من سورة البقرة الیٰ آخرسورة التوبة ومن سورة مريم الیٰ آخرسورة الناس		100
2	الحديث الشريف مصطلح الحديث	۱۔سنن النسائی (مکمل) ۲۔مشکاة المصابیح (حصہ دوم) ۳۔ اصطلاحات المحدثین از مولانا سلطان محمود رحمہ اللہ	 76 24	100
3	الفقه الاسلامی واصوله	۱۔فقه السنة لسيد سابق(كتاب الصلاة) ۲۔اصول فقہ از مولانا عاصم الحداد	76 24	100
4	العقائد	شرح العقيدة الواسطية للشيخ محمد خليل هراس رحمہ اللہ		100
5	اللغة العربية	۱۔ دروس اللغة العربية (الجز الثانی) للدكتور ف۔عبدالرحيم ۲۔كتاب المقامات لقاسم بن على الحريرى (پہلے پانچ مقامات)	50 50	100
6	النحو والصرف	۱۔ قواعد النحو حصہ اول ودوم (طبع مکتبة دار السلام) ۲۔قواعد الصرف حصہ اول ودوم (طبع مکتبة دار السلام)	50 50	100
7	التاريخ الاسلامی	تاریخ اسلام (خلافت راشدہ) از مولانا شاہ معین الدین		100

	اختیاری مضامین	مقررہ کتب		نمبر
	معاشیات	ایف اے کے سال اول اور دوم کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
	انگلش	ایف اے کے سال اول اور دوم کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
	شهریت	ایف اے کے سال اول اور دوم کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
	مطالعه پاکستان	ایف اے کے سال اول اور دوم کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100
	کمپیوٹر سائنس	ایف اے کے سال اول اور دوم کا نصاب (جاری کردہ پنجاب ٹیکسٹ بورڈ)		100

هدایات برائے طریقہ تدریس مرحلہ عالیہ

1۔کلمات کی لغوی تشریح لکھوانے کا عمل جاری رکھا جائے۔

تفسیر کی تدریس میں اساتذہ کرام مختلف تفاسیر کا مطالعہ کر کے طلبہ/ طالبات کو اس سے مستفید فرمائیں، اسباب نزول کی طرف نشان دہی کریں، احکام کی آیات میں فقہی احکام تفصیل کیساتھ بیان کریں، قرآن وحدیث کی تدریس کے دوران خصوصا اور دیگر مضامین کی تدریس کے دوران عموما تربیتی پہلو کی جانب ضرور توجہ دی جائے۔

جامع ترمذی اور سنن ابی داؤد کی تدریس بالاستیعاب ہو لیکن جامع ترمذی کی تدریس کے دوران **کتاب الصوم**، **کتاب الحج**، **کتاب النکاح**، **کتاب الطلاق**، **کتاب الحدود** اور **کتاب الدیات** کی تدریس پر اور سنن ابی داؤد کی تدریس کے دوران **کتاب الجهاد**، **کتاب الخراج والامارة والفیء**، **کتاب البیوع**، **کتاب الاقضیة**، **کتاب العلم**، **کتاب الفتن والملاحم کتاب السنة** اور **کتاب الادب** کی تدریس پر خصوصی توجہ دی جائے اور طلبہ/ طالبات کو نوٹس لکھوائے جائیں فقہ الحدیث کی طرف توجہ دی جائے مسائل میں فقہاء کا اختلاف اور دلائل بتا کر دلیل کے ساتھ راجح قول کی نشاندہی کی جائے، تعلیمی سال کے آغاز میں امام ترمذی اور امام ابوداؤد کی سیرت، کتاب میں ان کا منہج، شروط، اسلوب، خصوصیات اور کتاب کا مقام ومرتبہ واضح کیا جائے۔

عقائد کے مضمون میں قرآن حکیم اور احادیث کی نصوص یاد کروائی جائیں، وقت حاضر میں گمراہ عقائد سے آگاہی پر بھی خصوصی توجہ دی جائے۔

تاریخ اسلام کی تدریس کے لئے اساتذہ کرام مختلف اور معتمد تاریخی کتب کا مطالعہ فرمائیں اور بوقت ضرورت مؤرخین کی آراء اور ان کے بیان کردہ واقعات کا تجزیہ بھی کریں، غیر معتبر واقعات کی نشاندہی کریں، تاریخ سے حاصل شدہ دروس وعبر کی توضیح کریں۔

فقہ کی تدریس کے دوران طلبہ/ طالبات کو مسائل یاد کروانے کیساتھ ساتھ ان میں فقاہت پیدا کرنے کی

کوشش کریں، فقہاء کے دلائل پیش کر کے ان کا تجزیہ کریں۔ طلبہ/ طالبات کو مناقشہ کا اسلوب سکھا کر مناقشہ کی عملی تربیت کروائیں، دلائل کے ساتھ راجح قول کی نشاندہی کریں۔

علم فرائض کی تدریس کے دوران آیات میراث زبانی حفظ کروائیں، علم میراث کے قواعد وضوابط کو سمجھانے، یاد کروانے کے ساتھ ساتھ مسئلہ حل کرنے کی عملی مشق کروائیں۔

البلاغة الواضحة کی تمرینات پر خاص توجہ دیں۔ عربی ادب اور عربی اشعار کے مفردات کی شرح، سلیس اردو ترجمہ وتشریح کے ساتھ ساتھ طلبہ/ طالبات کو عربی ادب کے نصوص اور اشعار زبانی یاد کروائے جائیں۔

اس مرحلہ میں طلبہ/ طالبات کی تحریری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے مختلف عنادین پر مختصر مقالہ جات لکھوائے جائیں۔

علمی پختگی کے لئے مکمل نصاب کی تدریس کا اہتمام کیا جائے، امتحان میں دی گئی تخفیف سے غلط فائدہ نہ اٹھایا جائے اس سے طالب علم کی علمی بنیاد کمزور رہے گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مرحلة الدراسة العالية فى العلوم العربية والاسلامية

السنة الاولى

لازمی مضامین

	مضمون	مقررہ کتابیں	نمبر
1	تفسير القرآن الكريم	ا- نيل المرام فى تفسير آيات الاحكام لنواب صديق حسن رحمه الله (سورة المائدة سے کتاب کے آخر تک)	100
2	اصول التفسير	مقدمة فى أصول التفسير لشيخ الاسلام ابن تيميه رحمہ اللہ	50
3	الحديث الشريف	جامع الامام ابى عيسى محمد بن عيسىٰ الترمذى(مكمل)	100
4	الفقه	الهداية لبرهان الدين على بن حسن المرغينانى (الربع الاول)	100
5	اصول الفقه	اصول الشاشى لاسحاق بن ابراهيم الشاشى من اول بحث تقرير حروف المعانى)	100
6	النحو	للطلبة : شرح ابن عقيل (النصف الاول) للطالبات : هداية النحو لابى حيان محمد بن يوسف	100
7	الادب العربى	ديوان الحماسة لابى تمام حبيب الطائى (فاضل عربی کا نصاب) دروس اللغة العربية (الجز الثالث)للدكتور ف۔عبدالرحيم	100 100
8	البلاغة	للطلبة :البلاغة الواضحة ل على الجارم و مصطفى امين (الباب الاول) و مفتاح الانشاء لمحمد بشير السيالكوتى للطالبات : تسهيل البلاغة از مولانا عبيدالله الاسعدى	100
9	التاريخ الاسلامى	للطلبة :تاريخ اسلام(خلافت بنى امية) ازشاہ معین الدین للطالبات :سير الصحابيات ازمولانا عبدالسلام الندوی	100

	اختیاری مضامین	مقررہ کتب	نمبر
1	سیاسیات	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال اول کا نصاب	100
2	معاشیات	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال اول کا نصاب	100
3	انگلش	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال اول کا نصاب	100
4	مطالعہ پاکستان	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال اول کا نصاب	100
5	ایجوکیشن	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال اول کا نصاب	100

مرحلة الدراسة العالية فى العلوم العربية والاسلامية

السنة الثانية

لازمی مضامین

	مضمون	مقررہ کتابیں	نمبر
1	تفسير القرآن الكريم	تفسير الجلالين العلامة جلال الدين المحلى والعلامة جلال الدين عبدالرحمن السيوطى (من اول سورة البقرة الىٰ آخر سورة التوبة)	100
2	علوم القرآن	مباحث فى علوم القرآن للشيخ مناع القطان	100
3	الحديث الشريف	سنن الامام ابى داؤد سليمان بن اشعث السجستانى	100
4	اصول الحديث	تيسير مصطلح الحديث للدكتور محمود الطحان	100
5	الفقه الاسلامى	الهداية لبرهان الدين على بن ابى بكر المرغينانى (الربع الثانى)	100
6	الفرائض	للطلبة: السراجى للشيخ سراج الدين السجاوندى للطالبات: اسلامى قانون وراثت مولانا ابونعمان بشیر احمد	100
7	القواعد	شرح ابن عقيل نصف ثانى	100
8	الادب الاسلامى	۱۔ديوان ابى الطيب المتنبى (فاضل عربی کا نصاب) ۲۔الكامل لابى العباس المبرد (فاضل عربی کا نصاب) ۳۔العبرات لمصطفى لطفى المنفلوطى (فاضل عربی کا نصاب)	50 50 50
9	المنطق	توشيح التهذيب	100

	اختیاری مضامین	مقررہ کتب	نمبر
1	معاشیات	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال دوم کا نصاب	100
2	سیاسیات	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال دوم کا نصاب	100
3	انگلش	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال دوم کا نصاب	100
4	مطالعہ پاکستان	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال دوم کا نصاب	100
5	ایجوکیشن	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال دوم کا نصاب	100

الشهادة العالية فی العلوم العربية والاسلامية

کاامتحان ﴿برائے طلبہ﴾ مندرجہ ذیل پرچہ جات پر مشتمل ہوگا۔

	مضمون	مقررہ کتابیں	نمبر	
1	تفسیر القرآن الکریم واصوله	ا۔ نیل المرام فی تفسیر آیات الاحکام (مکمل کتاب)	76	100
		۲-مباحث فی علوم القرآن للشیخ مناع القطان	24	
2	الحدیث الشریف واصوله	ا۔جامع الامام ابی عیسی محمد بن عیسیٰ الترمذی	76	100
		۲-تیسیر مصطلح الحدیث دکتور محمود الطحان	26	
3	الفقه الاسلامی واصوله	ا۔الهدایة لبرهان الدین علی بن ابی بکر المرغینانی	76	100
		(الربع الاول)	24	
		۲۔اصول الشاشی (مکمل)		
4	النحو	شرح ابن عقیل (مکمل)		100
5	البلاغة	ا- البلاغة الواضحة للمؤلفین علی الجارم ومصطفی امین	50	
	و الادب	(الباب الاول)	25	
	والانشاء	۲۔ دیوان المتنبی (فاضل عربی کانصاب)	25	100
		۳۔مفتاح الانشاء (حصه اول) محمد بشیر السیالکوتی		
6	الفرائض	السراجی للشیخ سراج الدین السجاوندی (مکمل)		100
7	التاریخ الاسلامی	تاریخ اسلام ازشاہ معین الدین (خلافت بنی امیه)		100

	اختیاری مضامین	مقررہ کتب		نمبر
1	معاشیات	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال اول اوردوم کانصاب	100	100
2	سیاسیات	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال اول اوردوم کانصاب	100	100
3	انگلش	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال اول اوردوم کانصاب	100	100
4	ایجوکیشن	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال اول اوردوم کانصاب	100	100
5	مطالعہ پاکستان	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال اول اوردوم کانصاب	100	100

الدراسة العالية فی العلوم العربية والاسلامیه

کا امتحان ﴿برائے طالبات﴾ مندرجہ ذیل پرچہ جات پر مشتمل ہوگا۔

	مضمون	مقررہ کتابیں	نمبر	
1	تفسیر القرآن الکریم واصولہ	۱- نیل المرام فی تفسیر آیات الاحکام (سورۃ المائدۃ سے کتاب کے آخر تک)		100
		۲-تفسیر الجلالین (من اول سورۃ البقرۃ الیٰ آخر سورۃ التوبۃ)	76	
		۳-مباحث فی علوم القرآن الشیخ مناع القطان	24	
2	الحدیث الشریف و مصطلحہ	۱۔جامع الامام ابی عیسی محمد بن عیسیٰ الترمذی	76	100
		۲۔تیسیر مصطلح الحدیث دکتور محمود الطحان	24	
3	الفقہ الاسلامی واصولہ	۱- فقہ السنة سے نظام الأسرۃ (زواج سے حضانۃ تک)	76	100
		۲۔اصول الشاشی (من اول بحث تقریر حروف المعانی الی آخر الکتاب)	24	
4	القواعد	هداية النحو مع تمرينات لابی حیان محمد بن یوسف الاندلسی (طبع فاروقی کتب خانہ)		100
5	البلاغة	تسهيل البلاغة از مولانا عبیداللہ الاسعدی (مکمل)		100
6	الفرائض	اسلامی قانون وراثت مولانا ابونعمان بشیر احمد		100
7	التاریخ الاسلامی	سیر الصحابیات از مولانا عبدالسلام الندوی		100

	اختیاری مضامین	مقررہ کتب		نمبر
1	معاشیات	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال اول اور دوم کا نصاب	100	100
2	سیاسیات	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال اول اور دوم کا نصاب	100	100
3	انگلش	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال اول اور دوم کا نصاب	100	100
4	ایجوکیشن	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال اول اور دوم کا نصاب	100	100
5	مطالعہ پاکستان	بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کے سال اول اور دوم کا نصاب	100	100

ھدایات برائے طریقه تدریس مرحله عالمیه

1۔کلمات کی لغوی تشریح لکھوانے کا عمل جاری رکھا جائے۔

تفسیر کی تدریس میں اساتذہ کرام مختلف تفاسیر کا مطالعہ کر کے طلبہ/ طالبات کو اس سے مستفید فرمائیں، اسباب نزول کی نشان دہی کریں، احکام کی آیات میں فقہی احکام تفصیل کیساتھ بیان کریں، قرآن وحدیث کی تدریس کے دوران خصوصاً اور دیگر مضامین کی تدریس کے دوران عموماً تربیتی پہلو کی جانب ضرور توجہ دی جائے۔

صحیحین کی تدریس بالاستیعاب ہو، طلبہ/ طالبات کو نوٹس لکھوائے جائیں، **فقه تراجم البخاری** اور **فقه الحدیث** کی طرف خصوصی توجہ دی جائے مسائل میں فقہاء کا اختلاف اور دلائل بتا کر دلیل کے ساتھ راجح قول کی نشاندہی کی جائے، تعلیمی سال کے آغاز میں امام مسلم اور امام بخاری کی سیرت، کتاب میں ان کا منہج، شروط، اسلوب، خصوصیات اور کتاب کا مقام و مرتبہ واضح کیا جائے۔

عقائد کے مضمون میں قرآن حکیم اور احادیث کی نصوص یاد کروائی جائیں، وقت حاضر میں گمراہ عقائد سے آگاہی پر بھی خصوصی توجہ دی جائے۔

اصول تفسیر ،تاریخ تفسیر ،مکانة الحدیث ،انکار حدیث اور جدید مسائل پر طلبہ/ طالبات کے لئے لیکچرز کا اہتمام کیا جائے۔اس مقصد کے لئے کبار علماء و مشائخ، سکالرز حضرات اور پروفیسرز صاحبان کی خدمات حاصل کی جائیں۔

تاریخ اسلام کی تدریس کے لئے اساتذہ کرام مختلف اور معتمد تاریخی کتب کا مطالعہ فرمائیں اور بوقت ضرورت مؤرخین کی آراء اور ان کے بیان کردہ واقعات کا تجزیہ بھی کریں، غیر معتبر واقعات کی نشاندہی کریں، تاریخ سے حاصل شدہ دروس و عبر کی توضیح کریں۔

اسلام کا سیاسی نظام، اسلام کا اقتصادی نظام اور تقابل ادیان کے عنوانات پر ایم اے (پنجاب یونیورسٹی کے نصاب کے لئے مختلف مؤلفین نے کتابیں تالیف کی ہیں ان سب سے استفادہ کیا جائے۔

فقہ کی تدریس کے دوران طلبہ/ طالبات کو مسائل یاد کروانے کے ساتھ ساتھ ان میں فقاہت پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ فقہاء کے دلائل پیش کر کے ان کا تجزیہ کریں' طلبہ/ طالبات کو مناقشہ کا اسلوب سکھا کر مناقشہ کی عملی تربیت کروائیں، دلائل کے ساتھ راجح قول کی نشاندہی کریں۔

عربی ادب اور عربی اشعار کے مفردات کی شرح، سلیس اردو ترجمہ وتشریح کے ساتھ ساتھ طلبہ/ طالبات کو عربی ادب کی نصوص اور اشعار زبانی یاد کروائے جائیں۔

اس مرحلہ میں طلبہ/ طالبات کی تحریری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے مختلف عناوین پر مختصر مقالہ جات لکھوائے جائیں تا کہ ان میں یہ اہلیت پیدا ہو جائے کہ عالمیہ کے آخری امتحان میں بہترین علمی و تحقیقی مقالہ تحریر کر سکیں۔ مستقبل میں ایسے علمی و تحقیقی مقالہ کے بہت سے فوائد حاصل ہوں گے۔

علمی پختگی کے لئے مکمل نصاب کی تدریس کا اہتمام کیا جائے، امتحان میں دی گئی تخفیف سے غلط فائدہ نہ اٹھایا جائے اس سے طالب علم کی علمی بنیاد کمزور رہے گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مرحلة شهادة العالمية فی العلوم العربية والاسلامية

السنة الاولیٰ

لازمی مضامین

	مضمون	مقررہ کتابیں	نمبر
1	تفسیر القرآن الکریم	تفسیر فتح القدیر سے (سورۃ الاحزاب،النور،محمد،الفتح اور الحجرات)	100
2	اصول التفسیر	الفوز الکبیر للشاہ ولی اللہ الدھلوی (مکمل)	100
3	الحدیث الشریف	1_صحیح الامام مسلم ، 2_مؤطا الامام مالک	100
4	مصطلح الحدیث	شرح نخبۃ الفکر للحافظ احمد بن حجر العسقلانی	100
5	الفقہ الاسلامی	بدایۃ المجتھد لابن رشد (کتاب النکاح_کتاب الطلاق)	100
6	اصول الفقہ	الوجیز فی اصول الفقہ للدکتور عبدالکریم زیدان (من بدایۃ الیٰ آخر الاجماع)	100
7	العقائد	شرح العقیدۃ الطحاویۃ (من اولہ الیٰ بدایۃ الاسراء و المعراج)	100
8	الادب العربی	ا_ کلیۃ ودمنۃ لعبداللہ ابن المقفع (باب الاسد والثور) ۲_ مفتاح الانشاء (جزء ثانی) از محمد بشیر سیالکوٹی	50 50

	اختیاری مضامین	مقررہ کتب	نمبر
1	اسلام کا اقتصادی نظام	اسلام کا اقتصادی نظام (پنجاب یونیورسٹی کے ایم اے اسلامیات کا نصاب)	100
2	اسلام کا سیاسی نظام	اسلام کا سیاسی نظام (پنجاب یونیورسٹی کے ایم اے اسلامیات کا نصاب)	100
3	تقابل ادیان	عیسائیت، یہودیت۔قادیانیت اور گمراہ فرقے (خوارج، منکرین حدیث) اور موجودہ اسلامی تحریکیں (پنجاب یونیورسٹی کے ایم اے اسلامیات کا نصاب)	100
4	دراسۃ الاسانید واصول التخریج	کتاب التخریج و دراسۃ الاسانید للدکتور محمد الطحان	100

مرحلة شهادة العالمية فى العلوم العربية والاسلامية

السنة الثانية

لازمی مضامین

	مضمون	مقررہ کتابیں	نمبر
1	تفسير القرآن الكريم	انوار التنزيل واسرار التأويل للعلامة عبدالله بن عمر البيضاوى (الجزء الاول)	100
2	تاريخ التفسير	التفسير والمفسرون للدكتور محمد حسين الذهبى (من البداية الیٰ آخر الفصل الاول من الباب الثالث)	100
3	الحديث الشريف	صحيح الامام محمد بن اسماعيل البخارى	100
4	مكانة الحديث	السنة ومكانتها فى التشريع الاسلامى للشيخ مصطفى السباعى	100
5	الفقه الاسلامى	بداية المجتهد لابن رشد (كتاب البيوع، الاجارات، الجعل، القراض، الشركة)	100
6	اصول الفقه	الوجيز فى اصول الفقه للدكتور عبدالكريم زيدان (من القياس الیٰ آخر الكتاب)	100
7	تاريخ الفقه	تاريخ التشريع الاسلامى للشيخ مناع القطان	100
8	العقائد	شرح العقيدة الطحاوية للعلامة ابن ابى العز الحنفى (النصف الثانى)	100
9	اسرار التشريع الاسلامى	حجة الله البالغة للشاه ولى الله الدهلوى (مقدمة الكتاب والبحث السابع)	100
10	الادب العربى	تاريخ الادب العربى لاحمد حسن الزيات (من اول الكتاب الیٰ آخر العصر الاموى)	100

	اختیاری مضامین	مقررہ کتب	نمبر
1	سیاسیات	اسلام کا سیاسی نظام اور جدید سیاسی نظریات	100
2	تاریخ العلوم	مقدمۃ ابن خلدون سے مبحث تاریخ العلوم	100
3	تاریخ اسلام	(سقوط بغداد سے عصر حاضر تک)	100
4	اصول الدعوة	اصول الدعوة للدكتور عبدالكريم زيدان)	100

مرحلة شهادة العالمية في العلوم العربية والاسلامية

کا امتحان مندرجہ ذیل پرچوں پر مشتمل ہوگا۔ (طلبہ کے لئے)

	مضمون	مقررہ کتابیں		نمبر
1	تفسير القرآن الكريم واصوله	۱۔تفسیر انوار التنزيل واسرار التأويل للعلامة عبدالله بن عمر البيضاوی (الجز الاول)	60	100
		۲۔الفوز الكبير للشاه ولی الله الدهلوی	20	
		۳۔التفسير والمفسرون للدكتور محمد حسين الذهبی (من البداية الىٰ آخر الفصل الاول من الباب الثالث	20	
2	الحديث الشريف واصوله	۱- صحيح الامام محمد بن اسماعيل البخاری	60	100
		۲- شرح نخبة الفكر للحافظ احمد بن حجر العسقلانی	20	
		۳- السنة ومكانتها فی التشريع الاسلامی للشيخ مصطفی السباعی	20	
3	الفقه الاسلامی واصوله	۱۔ بداية المجتهد لابن رشد (كتاب النكاح۔ الطلاق۔البيوع۔الاجارات)	70	100
		۲۔الوجيز فی اصول الفقه للدكتور عبدالكريم زيدان (مكمل)	30	
4	العقائد	شرح العقيدة الطحاوية للعلامة على ابن ابی العز الحنفی		100
5	اسرار التشريع الاسلامی و تاريخه	۱۔ حجة الله البالغة للشاه ولی الله الدهلوی (مقدمة الكتاب والمبحث السابع)	50	100
		۲۔ تاريخ التشريع الاسلامی للشيخ مناع القطان	50	
6	الادب العربی و الانشاء	۱۔تاريخ الادب العربی لاحمد حسن الزيات (من اوله الىٰ آخر العصر الاموی)	50	100
		۲۔**معاون كتاب** مفتاح الانشاء (جزء اول، دوم) لمحمد بشير السيالكوتی	50	
		یا امیدوار کم از کم 150 صفحات پر مشتمل علمی و تحقیقی مقالہ پیش کرے اور لکھنے سے قبل ادارہ وفاق سے عنوان کی منظوری لے	100	

	اختیاری مضامین	امیدوار دو مضامین کا انتخاب کرے گا		نمبر
1	اسلام کا اقتصادی نظام	اسلام کا اقتصادی نظام اور دیگر اقتصادی نظریات کا تقابلی جائزہ		100
2	اسلام کا سیاسی نظام	اسلام کا سیاسی نظام اور جدید سیاسی نظریات		100
3	تقابل ادیان	عیسائیت، یہودیت۔قادیانیت اور گمراہ فرقے (خوارج، منکرین حدیث) اور موجودہ اسلامی تحریکیں		100
4	تاریخ العلوم تاریخ اسلام	مقدمۃ ابن خلدون سے مبحث تاریخ العلوم تاریخ اسلام (سقوط بغداد سے عصر حاضر تک)	50 50	100

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مرحلة شهادة العالمية فى العلوم العربية والاسلامية

کاامتحان مندرجہ ذیل پرچوں پر مشتمل ہوگا۔

للطالبات

	مضمون	مقررہ کتابیں		نمبر
1	**تفسير القرآن الكريم واصول التفسير**	ا۔ تفسير فتح القدير (الاحزاب،النور،محمد،الفتح،الحجرات)	70	100
		۲۔ الفوز الكبير للشاه ولى الله الدهلوى (من اوله الىٰ آخر الباب الثالث)	30	
2	**الحديث الشريف و مصطلح الحديث**	ا۔صحيح الامام محمد بن اسماعيل البخاری	70	100
		۲۔ شرح نخبة الفكر للحافظ احمد بن حجر العسقلانی	30	
3	**الفقه المقارن واصول الفقه**	ا۔ بداية المجتهد لابن رشد (كتاب النكاح۔ كتاب الطلاق)	70	100
		۲۔ الوجيز فی اصول الفقه للدكتور عبدالكريم زيدان (من اوله الىٰ آخر باب الاجماع)	30	
4	**العقائد**	شرح العقيدة الطحاوية للعلامة على ابن ابى العز الحنفى (من بداية الاسراء والمعراج الىٰ آخر الكتاب)		100
5	**اسرار التشريع الاسلامى تاريخ التشريع الاسلامى**	ا۔ حجة الله البالغة للشاه ولى الله الدهلوى (ابواب الايمان والطهارة والصلاة)	50	100
		۲۔ تاريخ التشريع الاسلامى للشيخ مناع القطان(منتخب ابواب)	50	
6	**الترجمة والانشاء**	**معاون کتاب** مفتاح الانشاء (جزء اول ، دوم) لمحمد بشير السيالكوتى یا امیدوار کم ازکم 150 صفحات پر مشتمل مقالہ پیش کرے اور ادارہ وفاق سے عنوان کی منظوری لے		100

	اختیاری مضامین	امیدوار دو مضامین کا انتخاب کرے گا		نمبر
1	**اسلام کا اقتصادی نظام**	اسلام کا اقتصادی نظام اور دیگر اقتصادی نظریات کا تقابلی جائزہ		100
2	**اسلام کا سیاسی نظام**	اسلام کا سیاسی نظام اور جدید سیاسی نظریات		100
3	**تقابل ادیان**	عیسائیت، یہودیت۔ قادیانیت اور گمراہ فرقے (خوارج، منکرین حدیث) اور موجودہ اسلامی تحریکیں		100
4	**تاریخ العلوم** **تاریخ اسلام**	مقدمۃ ابن خلدون سے مبحث تاریخ العلوم (سقوط بغداد سے عصر حاضر تک)	50 50	100

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

امتحانات میں داخلہ کا شیڈول

رجسٹریشن برائے امتحانات

سالانہ یا ضمنی امتحان میں شرکت کے لئے ضروری ہے کہ جامعہ/ مدرسہ کی انتظامیہ اپنے طلبہ/ طالبات کے رجسٹریشن فارم یکم محرم تک دفتر وفاق میں جمع کروادیں۔

جامعات و مدارس کے ناظمین طلبہ/ طالبات کی درجہ وار تعداد لکھ کر رجسٹریشن فارم طلب فرمائیں اور مقررہ تاریخ سے قبل رجسٹریشن فارم پُر کروا کر دفتر وفاق میں جمع کروادیں۔

دفتر وفاق ان امیدواران کے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری کرے گا اور ساتھ ہی ان امیدواران کے لئے داخلہ فارم ارسال کردے گا۔

ثانویہ خاصة ، عالیة اور عالمیة کے رجسٹریشن فارم کے ساتھ گذشتہ امتحان کی سند کی فوٹو کاپی بھی منسلک کی جائے۔ نیز الحاق سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی بھی ان فارموں کے ساتھ ضرور منسلک کی جائے۔

سالانہ امتحانات

وفاق المدارس السلفیة پاکستان

کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے سالانہ امتحانات ماہ شعبان میں ہوں گے۔

سالانہ امتحانات کے لئے داخلہ فارم 15 ربیع الثانی تک وصول کئے جائیں گے۔

اور ڈبل فیس کے ساتھ داخلہ فارم 29 ربیع الثانی تک وصول کئے جائیں گے۔

اگر 15 ربیع الثانی یا 29 ربیع الثانی کو جمعہ کا دن ہو تو پھر اگلے روز تک داخلہ فارم وصول کئے جائینگے۔ان شاء اللہ تعالی

ضمنی امتحانات

وفاق المدارس السلفیة پاکستان کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے ضمنی امتحانات ماہ ذوالحجہ کے آخر میں ہونگے۔

ضمنی امتحانات کے لئے داخلہ فارم یکم ذوالقعدہ تک وصول کئے جائیں گے۔

اور ڈبل فیس کے ساتھ داخلہ فارم 08 ذوالقعدہ تک وصول کئے جائیں گے۔

اگر یکم ذوالقعدہ یا 08 ذوالقعدہ کو جمعہ کا دن ہو تو پھر اگلے روز تک داخلہ فارم وصول کئے جائینگے۔ان شاء اللہ تعالی

جامعات و مدارس کے ناظمین مقررہ تاریخ سے قبل طلبہ/ طالبات کے داخلہ فارم پُر کروا کر دفتر وفاق میں جمع کروادیں۔

جاری کردہ **وفاق المدارس السلفیة پاکستان**